© rasailojaraid.com

جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب و روز

## دارالعلوم کے پندرہ روزہ ''اذان حق'' اخبار کا اجراء:

دارالعلوم حقانیہ کے الحمدللہ تمام شعبہ جات دن دگنی اور رات چوگنی ترقی کر رہے ہیں اور نئے نئے شعبہ اللہ کی خصوصی نصرت کے باعث قائم ہو رہے ہیں۔ طلباء کرام کی طرف سے پندرہ روزہ ''اذان حق'' اخبار کا قیام بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ یہ اخبار خالصتاً طلباء کرام کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔ اور دارالعلوم کے طلباء اس اخبار کا میابی کے ساتھ چلا رہے ہیں۔ جسمیں طلباء کے مضامین اور دینی مدارس سے متعلقہ خبریں اور ادبی اصناف پر تبصرہ اور مضامین شامل ہوتے ہیں۔ اہل خیر حضرات سے اس نوزائیدہ اخبار کی کامیابی کے لئے تعاون کی اپیل بھی ہے۔

## دارالعلوم کے سابق ناظم دفتر حاجی غفران الدین ودیگر کی وفات:

دارالعلوم کے سابق ناظم دفتر اہتمام اور دارالعلوم کے ہائی سکول کے استاد حاجی غفران الدین گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ مرحوم کئی برس دارالعلوم کے مختلف شعبوں میں دیانت دارانہ خدمات سرانجام دیتے رہے۔ مرحوم نیک' پاک اور نہایت کم گو انسان تھے۔ کافی عرصہ سے بیمار اور صاحب فراش تھے۔ مرحوم کے پسماندگان سے ادارہ کے تمام افراد دلی تعزیت کرتے ہیں اور ان کے رفع درجات کے لئے قارئین سے بھی خصوصی دعاؤں کی اپیل ہے' اسی طرح دارالعلوم کے سابق بانی اراکین شوریٰ کے جناب حاجی غلام محمد مرحوم کے صاحبزادے جناب حاجی غلام رسول بھی گزشتہ دنوں طویل علالت کے بعد انتقال فرما گئے۔ مرحوم مخلص' شریف اور خداترس انسان تھے۔ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ اور نائب مہتمم صاحب مدظلہ نے اس موقع پر ان کے گھر جا کر تعزیت کی۔ ان کے رفع درجات کے لئے بھی دعاؤں کی اپیل ہے۔ اسی طرح خانوادہ حقانی کے مخلص مولانا صاحب حسین حقانی کے چچا سید واحد بھی گزشتہ دنوں انتقال کر گئے۔ مرحوم نیک' رحمدل اور خداترس انسان تھے۔ دارالعلوم کے اساتذہ نے جنازہ میں شرکت کی۔ اسی طرح دارالعلوم کے ایک اور مخلص اور ماہنامہ الحق کے پرانے خریدار حضرت مولانا سید احمد شاہ' خطیب جامع مسجد گلی باغ مردان' کچھ عرصہ قبل انتقال فرما گئے۔ مرحوم کئی صلاحیتوں سے مالا مال تھے۔ آپ علاقے کی فعال دینی اور فلاحی شخصیت تھے۔ عمر بھر مسجد و مدرسہ اور خیر و فلاح کے کاموں میں بسر کی۔ الحق کے بہت پرانے شیدائیوں میں سے تھے۔ ادارہ آپ کی ناگہانی وفات پر آپ کے پسماندگان اور صاحبزادگان سے دلی تعزیت کرتا ہے۔

© rasailojaraid.com